1989ء سے مسلسل اشاعت | 27جنوری تا 2 فروری 2023|شمارہ نمبر5|جلد نمبر35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

FAIR TRADE (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper products

IBM™
PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINARSPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

### PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

### CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



### QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



SINARSPECTRA
COLOR CUBE



### FOR BOOKING CONTACT

IBM TM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

پبلشر حرا رؤف نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف

ایڈیٹوریل بورڈ

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز

قیمت: 100 روپے

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# درآمدی کاغذ پر 65 فیصد سے زائد ڈیوٹی و ٹیکسز کا مقامی ملیں ناجائز فائدہ اٹھا رہی ہیں

## درآمدی 820 کے مقابلے میں مقامی کاغذ ملیں 1400 سے 1500 ڈالر فی ٹن میں پیپر و پیپر بورڈ فروخت کر رہی ہیں، اپیما کا وفاقی وزیر خزانہ کو خط

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے وزیر خزانہ و محصولات، وزارت تجارت، ایف بی آر اور دیگر حکومتی متعلقہ محکموں کے ساتھ ساتھ فیڈریشن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کراچی اور لاہور کو خطوط ذریعے پرنٹنگ اینڈ پیکیجنگ انڈسٹری پر زیادہ سے زیادہ کسٹمز ڈیوٹی، ریگولیٹری ڈیوٹی اور اضافی کسٹمز ڈیوٹی کے نفاذ پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس کی جانب سے لکھے گئے خطوط میں کہا گیا ہے کہ ہماری حکومت کی غیر منصفانہ پالیسی صرف مٹھی بھر پیپر ملوں کو فائدہ پہنچاتی ہے، لیکن پاکستان میں پرنٹنگ اور پیکیجنگ یونٹس اور سپلائی چین کی ترقی پر کوئی توجہ نہیں دے رہی ہے جو پیپر ملوں سے کئی گنا زائد پاکستانیوں کو روزگار فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ برآمدات میں بھی معاون ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت زیادہ کسٹم ڈیوٹی، ریگولیٹری ڈیوٹی، کاغذ اور کاغذ بورڈ پر اضافی کسٹم ڈیوٹی کی وجہ سے، مقامی پیپر ملز نے بالآخر اپنی مشکوک معروف پوزیشن کا فائدہ اٹھایا اور ایک اجارہ داری یا کارٹیل تشکیل دے دیا ہے تاکہ وہ اپنے غیر معیاری/کم درجے کے کاغذ اور پیپر بورڈ اور اس سے متعلق زیادہ قیمتیں وصول کر سکیں، جبکہ پاکستانی پیپر و بورڈ پرنٹنگ اور پیکنگ انڈسٹری اور صارفین اور ٹیکسٹ بک بورڈ کے لیے مطلوبہ ترجیحی معیار کے بھی نہیں ہیں۔ محمد انیس نے اپنے خط میں کہا ہے کہ درآمدی ان کوٹیڈ ووڈ فری آفسیٹ پیپر کی معیاری اوسط ایکس مل قیمت 820 ڈالر فی ٹن ہے لیکن اس کے برعکس مقامی کاغذ کی ایکس مل قیمت ان کے دوسرے درجے کے پیپر کے لیے بالترتیب 14 سو سے 15 سو ڈالر فی ٹن کے مساوی ہو چکی ہے، جو کہ



ناقابل جواز ہے اور مقامی ملیں پیپر و پیپر بورڈ کی درآمد پر عائد 65 فیصد سے زائد ڈیوٹی و ٹیکس کے باعث غیر ضروری تحفظ کا ناجائز فائدہ اٹھا رہی ہیں۔ انہوں نے توجہ دلائی کہ وفاقی وزیر خزانہ و محصولات نے سال 2021-22 کے بجٹ میں بغیر کوٹیڈ ووڈ فری پیپر (HS Code 4802) پر غیر قانونی طور پر 10% ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کی ہے، اس حقیقت کے باوجود کہ مذکورہ آئٹم پر 11% سے 39% اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی پہلے سے موجود ہے، یہ دوہرا ٹیکس ہے اور قانونی طور پر، جب اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی پہلے سے موجود ہو تو ریگولیٹری ڈیوٹی کو نافذ نہیں کیا جا سکتا۔ محمد انیس نے کہا کہ ملکی کاغذی ملیں 92 فیصد سے زیادہ ملکی کاغذ کی ضروریات پوری کرتی ہیں جبکہ 8 فیصد امپورٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر درآمد ہوتا ہے۔ انہوں نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) سے درخواست کی ہے کہ اس بات کی تصدیق کے لیے تحقیقات شروع کریں کہ 92 فیصد ملکی پیپر ملز 8 فیصد درآمدی کاغذ کے مقابلے قومی خزانے کو کتنا سیلز ٹیکس ادا کرتی ہیں، جو کسٹم پر ایڈوانس 17 فیصد سیلز ٹیکس اور 3 فیصد ویلیو ایڈڈ ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ مقامی پیپر ملز کی اربوں روپے کی کرپشن، چوری، دھاندلی اور غبن کے نتائج آئینے کی طرح منظر عام پر آ جائیں گے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پبلشرز اینڈ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن، پاکستان پبلشرز اینڈ ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری اور پاکستان بکس سیلرز ایسوسی ایشن کا ایک وفد جلد ہی مشترکہ طور پر پری بجٹ سیمینارز کے انعقاد کا پروگرام شروع کرے گا اور کراچی، لاہور، اسلام آباد چیمبرز کا دورہ بھی کرے گا، پرنٹنگ اور پیکیجنگ انڈسٹری کے مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے مشترکہ طور پر اسلام آباد میں پریس کانفرنسوں کا آغاز کرے گا۔ جس میں حد سے زیادہ کسٹم ڈیوٹی، کمتر معیار کا کاغذ، مقامی پیپر ملز کی اجارہ داری اور کارٹیلائزیشن پر اعلیٰ حکومتی عہدیداروں کی توجہ مبذول کرائی جائے گی۔

# ڈالر ریٹ پر کیپ ہٹنے کے بعد اوپن مارکیٹ میں ڈالر 243 روپے پر آ گیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ایکسچینج کمپنیوں کی جانب سے ڈالر کے فکس ریٹ (کیپ) کو ختم کرنے کے بعد روپے کی قدر میں کمی ہوئی۔ چیئرمین ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان ملک بوستان کے دفتر سے جاری نوٹس کے مطابق 25 جنوری کو صبح 11 بجے کے قریب اوپن مارکیٹ میں امریکی ڈالر کی تجارت 243 روپے پر ہو رہی ہے، جو 24 جنوری کے مقابلے میں 0.93 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ دوسری جانب، ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے جنرل سیکریٹری ظفر پراچا نے کا کہنا تھا کہ ایکسچینج کمپنیوں کے نمائندوں کی اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے ڈپٹی گورنر عنایت حسین کے ساتھ ملاقات کامیاب رہی، اسٹیٹ بینک نے کیپ کو ختم کرنے سمیت ہمارے تمام مطالبات منظور کر لیے ہیں۔ ظفر پراچا نے بتایا کہ مرکزی بینک نے کمرشل بینکوں کو مزید ہدایات دی ہیں کہ وہ ایکسچینج کمپنیز کو ڈالرز فراہم کریں، انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ اوپن مارکیٹ میں ڈالر۔روپے کی شرح تبادلہ کو صحیح قدر پر لایا جائے گا تاکہ گرے مارکیٹ کا خاتمہ ہو جائے۔ واضح رہے کہ ڈان کی رپورٹ کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے زرمبادلہ کے ذخائر 4 ارب 60 کروڑ ڈالر رہ گئے ہیں، تاہم اب بھی صورتحال پریشان کن ہے کیونکہ ان ذخائر سے صرف 3 ہفتوں کی درآمدات ہو سکتی ہیں۔ ڈالرز کی قلت کے سبب انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں اس کی قیمت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس سے معیشت پر شدید منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں جبکہ ترسیلات زر قانونی بینکنگ کے بجائے گرے مارکیٹ سے آ رہی ہیں۔ واضح رہے کہ 24 جنوری ایکسچینج کمپنیوں نے ملک میں ڈالر کی کمی، بڑھتے ہوئے ریٹ اور موجودہ غیر یقینی صورت حال کے سبب ڈالر کا فکس ریٹ (کیپ) ختم کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ ملک بوستان نے ویڈیو پیغام میں بتایا تھا کہ اجلاس میں تمام اراکین نے ایسوسی ایشن سے مطالبہ کیا ہے کہ ہم نے ملک کے مفاد میں ڈالر کے نرخ کو ایک جگہ فکس کیا تھا تو اس کو ختم کیا جائے کیونکہ ہمیں لگا تھا کہ ہمارے اس فیصلے سے شاید ڈالر کا ریٹ نہیں بڑھے گا لیکن یہ اقدام منفی ثابت ہوا اور الٹا ڈالر کا ریٹ کم ہونے کے بجائے بڑھ گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اسی وجہ سے ڈالر مارکیٹ میں دستیاب بھی نہیں ہے اور بلیک ماریٹ وجود میں آ گئی ہے کیونکہ ڈالر نہیں ملنے کے سبب ہر طرف افراتفری تھی اور جن لوگوں کو ضرورت تھی وہ بلیک مارکیٹ میں جا رہے تھے، اس کے نتیجے میں حکومت، ایکسچینج کمپنیوں اور اسٹیٹ بینک کی بہت بدنامی ہو رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس چیز کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے اور کل ہماری صبح ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک کے ساتھ ملاقات ہے، کل سے اس کو ہٹا دیں گے کیونکہ جب لوگوں کو ڈالر ملنا شروع ہو جائے گا تو بلیک مارکیٹ ختم ہو جائے گی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## تاجروں کی بندرگاہوں پر پھنسے 5700 درآمدی کنٹینرز کی ریلیز کیلئے کے سی سی آئی اور فیڈریشن کی کوششیں

کراچی (بزنس ڈیسک) بندرگاہوں پر پھنسے ہوئے 5700 درآمدی کنٹینرز پر مشتعل تاجر و برآمدکنندگان کو ریلیف دلوانے کی جدوجہد فیڈریشن اور، کراچی چیمبر آف کامرس نے اراکین سے ٹرانزٹ میں زیر التوا درآمدی تفصیلات طلب کیں۔ ذرائع نے بتایا کہ کراچی چیمبر کی انتظامیہ نے اپنے ممبران کو لنک کے ذریعے فارمیٹ جاری کیا اور لنک کے ذریعے ہی اپنے ممبران سے تفصیلات طلب کیں جو کہ جمع کر کے اسٹیٹ بینک کو دی گئیں۔ ذرائع نے بتایا کہ کراچی چیمبر 18 جنوری 2023ء تک زیرالتوا امپورٹ کیسز کا ڈیٹا اسٹیٹ بینک کو فراہم کیا۔ حاصل کردہ معلومات کی بنیاد پر رکے ہوئے درآمدی کنٹینرز ریلیز کرنے کے مشترکہ فیصلے کا اعلان کیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ جلد خراب ہونے والی اور ضروری اشیاء جن فوڈ آئٹمز بھی شامل کے درآمدی کنٹینرز کو پہلے ریلیز کیا جائے گا اور ساتھ ہی سپلائر کریڈٹ یا بیرونی خریداروں کی جانب سے موخر ادائیگیوں کی پیشکشوں کے حامل کنٹینرز کو بھی ریلیز کرنے میں ترجیح کی پالیسی۔ کراچی چیمبر نے اپنے مرتب کردہ فارمیٹ میں سپلائر کریڈٹ اور ادائیگیوں کی تفصیلات بھی طلب کی تھیں۔ ممبران سے درآمدی کنسائمنٹ کی ویلیو اور کرنسی کا نام بھی طلب کیا گیا۔ فارمیٹ میں ٹرانزیکشن کی نوعیت، شپمنٹ اور ادائیگیوں کی مقررہ تاریخ کی معلومات بھی طلب کی گئی ہیں۔ ممبران سے ان کے سپلائر کا نام بینک برانچ اور شہر کا بھی پوچھا کیا گیا۔

## پورٹ پر پھنسے کنٹینرز کی ریلیز کیلئے اسٹیٹ بینک کے عبوری اقدامات کا سرکلر جاری

کراچی (پیپر بزنس نیوز) فیڈریشن اور کراچی چیمبر میں گورنر اسٹیٹ بینک کی آمد کے موقع پر تاجروں کے سخت احتجاج اور رد عمل کے بعد اسٹیٹ بینک نے سرکلر نمبر مورخہ جاری کیا ہے جس سے بندرگاہ پر پھنسے کنٹینر کو کلیر کرانے میں کچھ مدد ملے گی۔ سرکلر میں کہا گیا ہے کہ اسٹیٹ بینک کو مختلف تجارتی اداروں اور چیمبرز آف کامرس سمیت متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی طرف سے مطلع کیا گیا ہے کہ بڑی تعداد میں شپنگ کنٹینرز جن میں جلد خراب ہونے والی درآمد شدہ اشیاء بھی شامل ہیں، بندرگاہوں پر ڈھیر ہو گئے ہیں، جس کی وجہ شپنگ دستاویزات کی بینکوں کی جانب ریلیز میں تاخیر ہے۔ مزید برآں کاروباری برادری نے تجویز پیش کی ہے کہ بعض درآمد کنندگان بیرون ملک اپنے سپلائرز کے ساتھ بات چیت کے ذریعے اپنی ادائیگی کی شرائط میں توسیع کرا سکتے ہیں یا اپنی زیر التواء درآمدی ادائیگیوں کو پورا کرنے کے لیے بیرون ملک سے فنڈز کا بندوبست کر سکتے ہیں۔ مزید برآں مجاز ڈیلرز پر کارروائی کر سکتے ہیں بشرطیکہ سامان پہلے ہی پاکستان کی بندرگاہ پر پہنچ چکا ہو یا 18 جنوری 2023 کو یا اس سے پہلے بھیج دیا گیا ہو، بل آف لڈنگ/ایئر وے بل کی تاریخ سے یہ ریکارڈ لیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اسٹیٹ بینک نے بیرون ملک ادائیگی کی التوا کی صورت میں، بااختیار ڈیلر بیرون بینک سے اس پیغام کی وصولی کو یقینی بنائیں گے کہ درآمدات کی ادائیگی کم از کم 180 دنوں کے لیے موخر کر دی گئی ہیں یا؛ (ii) بیرون ملک سے فنڈنگ کے انتظامات کی صورت میں، بااختیار ڈیلر سپلائر کے بینک سے ڈالر کی وصولی کی تصدیق کے بعد درآمدی لین دین پر کارروائی کریں گے۔ 3۔ یہ عارضی/ ایک وقتی سہولت 31 مارچ 2023 تک درآمدی ترسیل کے بیک لاگ کی کلیئرنس کے لیے دستیاب ہوگی اسٹیٹ بینک نے تمام کمرشل بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے صارفین کو تعلیم دیں کہ وہ کسی بھی درآمدی لین دین کو شروع کرنے سے پہلے اپنے بینکوں کو مطلع کریں تاکہ مستقبل میں کسی پیچیدگی سے بچا جا سکے۔

## تاجروں کا احتجاج، بندرگاہوں پر پھنسے کنٹینرز اور سامان کا جرمانہ معاف

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پورٹس اینڈ شپنگ فیصل سبزواری نے تاجر برادری کی احتجاج کے بعد بندرگاہوں پر پھنسے ہوئے کنٹینرز اور درآمدی سامان پر پورٹ کے جرمانے معاف کرنے کا اعلان کر دیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر پورٹس اینڈ شپنگ فیصل سبزواری نے اپنی ایک ٹوئٹ میں کہا کہ گزشتہ کئی ہفتوں سے بندرگاہوں پر پھنسے کنٹینرز کی وجہ سے کاروباری طبقہ کو درپیش مشکلات کا ادراک کرتے ہوئے وزارت بحری امور نے بندرگاہوں کو ملنے والے جرمانے معاف کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور نجی ٹرمینلز سے بھی جرمانے خاطر خواہ کم کرانے کی کوشش کی جائیگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس مشکل وقت میں کاروباری طبقے کے لیے آسانیاں پیدا کر کے ہی معیشت میں استحکام کی کوشش کی جا سکتی ہے، اس ضمن میں وزارت کے حکام تاجروں کے نمائندوں سے ملاقات کر کے مزید اقدامات پر مشاورت کریں گے۔ دریں اثناء وفاقی وزیر کے ٹوئٹ کے بعد ٹمبر مارکیٹ کے تاجروں نے اپنا احتجاج ختم کرتے ہوئے وفاقی وزیر کے رویہ اور اقدام کو مثبت قرار دیا۔ قبل ازیں کراچی کے تاجروں نے کراچی سے تعلق رکھنے والے وفاقی وزیر پورٹس اینڈ شپنگ کی تلاش میں ریلی نکالی اور وفاقی وزیر پورٹس اینڈ شپنگ کی دفتر پی این ایس سی بلڈنگ کے باہر دھرنا دیا۔ آل پاکستان ٹمبر ٹریڈرز ایسوسی ایشن کے تحت ہونے والے احتجاج میں ٹمبر مارکیٹ کے تاجر وفاقی وزیر فیصل سبزواری کی تلاش میں سڑکوں پر ریلی کی شکل میں نکل پڑے۔ تاجروں کا کہنا تھا کہ وفاقی وزیر سے ایک ماہ سے ملاقات کی درخواست کر رہے ہیں لیکن فیصل سبزواری مسائل سننے پر آمادہ نہیں جب کہ ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی اور خالد مقبول صدیقی کے پاس بھی ہمارے لیے وقت نہیں۔ کلیئرنس میں تاخیر اور ایل سیز نہ کھلنے سے بھاری ڈیمرجز عائد ہو رہے ہیں، تاجروں نے پورٹ حکام اور وفاقی وزیر سے ڈیمرج اور پورٹ چارجز معطل کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ ریلی کے بعد ٹمبر ٹریڈرز نے نجی بینک کی برانچ میں ایل سیز کے حوالے سے اپنے کاغذات کی واپسی کے لئے دھرنا بھی دیا۔ تاجر رہنما شرجیل گوپلانی نے بتایا کہ 9.7 ملین ڈالر مالیت کی درامدی لکڑی کراچی بندرگاہ پہنچ چکی ہے، مزید 17 ملین ڈالر کی لکڑی راستے میں ہے گورنر اسٹیٹ بینک کی یقین دہانی کے باوجود ایل سی کی دستاویزات منظور نہیں ہو رہیں۔ دوسری جانب پورٹ پر پہنچنے والی کھیپ پر بھاری ڈیمرج عائد ہو رہا ہے جو ڈالر کی شکل میں ملک سے باہر جائے گا اور بحران کا شکار تاجروں اور درآمد کنندگان بوجھ بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ لکڑی کے درامد کنندگان نے 13 جنوری سے درآمد بند کر دی ہے، وفاقی وزیر پورٹس اینڈ شپنگ سے اپیل کر رہے ہیں کہ درآمدی کھیپ پر پورٹ چارجز اور ڈیمرج کے خاتمہ کے لیے اپنا کردار ادا کریں تاہم وزیر کے پاس تاجروں سے ملاقات کا وقت نہیں ہے۔

## مقامی کاغذ کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف احتجاج پرغور

لاہور (پیپر بزنس نیوز) صدر انجمن تاجران اردو بازار لاہور ابو ذرغفاری گوہر نے کہا ہے کہ کاغذ ملوں نے ناجائز منافع خوری اور علم دشمنی کرتے ہوئے کاغذ کی قیمت میں ایک بار پھر ہوشربا اضافہ کر دیا ہے اس سلسلے میں انجمن تاجران اُردو بازار اس ظلم کے خلاف بھرپور آواز اٹھائے گی۔ اس سلسلے میں لائحہ عمل طے کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے تمام تاجروں سے کہا ہے کہ وہ اس سلسلے میں ہونے والی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے کاروبار اور اردو بازار کی رونق کو بحال رکھنے میں ہمارا ساتھ دیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اکتوبر۔دسمبر 2022: آرٹ کارڈ پنڈو گولڈن کوئنز میں 10 ننگبو میں 15 روپے فی کلو کمی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2022 کی پہلی سہ ماہی میں پنڈو آرٹ کارڈ انڈونیشیا اور چائنا کے بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ کے درآمد کنندگان کے لئے کاروباری لحاظ سے بہت بہتر اور دوسری سہ ماہی اپریل۔جون میں بھی یہ تیزی برقرار رہی تھی لیکن تیسری سہ ماہی سے ان آئٹمز کی قیمتوں میں کمی کا رجحان جاری ہے اور چوتھی سہ ماہی میں بھی بورڈ پنڈو میں 13 روپے کلو تک کمی ہوئی جبکہ آرٹ کارڈ کی قیمتوں میں گولڈن کوئنز برانڈ آرٹ کارڈ انڈونیشیا کی قیمتوں میں پہلی سہ ماہی میں 30 روپے فی کلو کا ریکارڈ اضافہ ہوا تھا جو 320 روپے فی کلو تک پہنچ گئی تھیں۔ دوسری سہ ماہی میں اس میں مزید 80 روپے فی کلو کا اضافہ ہوا تھا۔ اس طرح چھ ماہ میں 110 روپے کلو ریکارڈ اضافے کے بعد اس کی قیمت 410 روپے کلو تک پہنچ گئی تھی لیکن اب تیسری سہ ماہی میں قیمتیں 400 روپے کلو تھیں جو اب چوتھی سہ ماہی کو اختتام پر بھی 385 روپے پر برقرار ہیں۔ 400 روپے پر برقرار ہیں۔ چائنا کے آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار میں بھی پہلی سہ ماہی میں 25 روپے فی کلو کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا تھا جس کی قیمتیں 305 روپے سے بڑھ کر 330 روپے کلو تک پہنچ گئیں تھیں اور دوسری سہ ماہی میں مزید 60 روپے کلو اضافے کے بعد جنوری۔جون ششماہی میں یہ قیمتیں 390 روپے کلو پر بند ہوئی تھیں تیسری سہ ماہی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی تھی اور اب چوتھی سہ ماہی میں قیمتوں میں 15 روپے کلو کی کمی ہوئی۔ جبکہ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ قیمتوں میں پہلی سہ ماہی میں مجموعی طور پر 24 روپے کلو کا اضافہ ہوا تھا اور دوسری سہ ماہی میں مزید 35 روپے کلو اضافہ ہوا ہے اور یہ قیمتیں 30 جون 2022 کو 366 روپے کلو تک پہنچ گئی تھیں۔ تیسری سہ ماہی میں قیمتوں میں 14 روپے کلو کمی دیکھی گئی اور 352 روپے کلو میں دستیاب تھی چوتھی سہ ماہی میں قیمتیں مستحکم رہیں اور صرف 3 روپے کلو کا اضافہ ہوا۔ جبکہ 4 نومبر 2022 سے 16 دسمبر تک اس کی قیمتیں 328 روپے تک کم ہوگئی تھیں جو آخری دو ہفتوں میں اس میں 27 روپے کلو کا اضافہ ہوا۔ پہلی سہ ماہی میں چین منگ برانڈ کی قیمتوں میں 25 روپے فی کلو اضافہ ہوا تھا، دوسری سہ ماہی میں مزید 43 روپے کلو کا اضافہ ہوا جو 365 روپے کلو تک پہنچ گئی تھیں، تیسری سہ ماہی میں یہ قیمتیں 14 روپے کلو کمی کے بعد 351 روپے پر پہنچ گئیں۔ چوتھی سہ ماہی کے اختتام پر قیمتیں 345 روپے پر تھیں جبکہ دسمبر کے پہلے ہفتے میں یہ قیمتیں 315 روپے تک گر گئی تھیں جو آخری تین ہفتوں میں 30 روپے کلو کے اضافے کے بعد 345 روپے پہنچی ہیں۔ پنڈو ڈیلی کے بلیچ بورڈ کی قیمتیں پہلی سہ ماہی میں 24 روپے اضافے کے بعد 286 سے بڑھ کر 318 روپے فی کلو ہوگئیں تھیں، دوسری سہ ماہی میں 45 روپے مزید اضافے کے بعد 363 روپے کلو تک پہنچ گئی تھیں۔ تیسری سہ ماہی میں یہ قیمتیں 15 روپے کلو کمی کے بعد 348 روپے کلو ہوگئی تھیں اور اب چوتھی سہ ماہی میں مزید 13 روپے کلو کی کمی ریکارڈ کی گئی اور اب یہ 335 روپے کلو میں دستیاب ہے۔ 7 اکتوبر تا 30 دسمبر 2022 کے دوران ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' کے 13 شماروں میں شائع ہونے والی قیمتوں کا تقابلی جائزہ دیا جا رہا ہے۔

## Prices Trend in Oct-Dec-2022 (Per Kg Rates)
## Imported **ART CARD Indonesia and China**

| Pindo Golden Coin | | OCT-2022 | | | | NOV-2022 | | | | DEC-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 7-Oct | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | 190 | 395 | 390 | 390 | 380 | 380 | 380 | 375 | 375 | 375 | 375 | 370 | 375 | 385 | ( - 10 ) |
| All Size | 200 | 395 | 390 | 390 | 380 | 380 | 380 | 375 | 375 | 375 | 375 | 370 | 375 | 385 | ( - 10 ) |
| All Size | 210 | 395 | 390 | 390 | 380 | 380 | 380 | 375 | 375 | 375 | 375 | 370 | 375 | 385 | ( - 10 ) |
| All Size | 250 | 395 | 390 | 390 | 380 | 380 | 380 | 375 | 375 | 375 | 375 | 370 | 375 | 385 | ( - 10 ) |
| All Size | 260 | 395 | 390 | 390 | 380 | 380 | 380 | 375 | 375 | 375 | 375 | 370 | 375 | 385 | ( - 10 ) |
| All Size | 300 | 395 | 390 | 390 | 380 | 380 | 380 | 375 | 375 | 375 | 375 | 370 | 375 | 385 | ( - 10 ) |
| All Size | 310 | 395 | 390 | 390 | 380 | 380 | 380 | 375 | 375 | 375 | 375 | 370 | 375 | 385 | ( - 10 ) |
| All Size | 350 | 395 | 390 | 390 | 380 | 380 | 380 | 375 | 375 | 375 | 375 | 370 | 375 | 385 | ( - 10 ) |

| Ningbo Star China | | OCT-2022 | | | | NOV-2022 | | | | DEC-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 7-Oct | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | 250 | 390 | 385 | 370 | 370 | 370 | 370 | 370 | 375 | 375 | 375 | 375 | 375 | 375 | ( - 15 ) |
| All Size | 270 | 390 | 385 | 370 | 370 | 370 | 370 | 370 | 375 | 375 | 375 | 375 | 375 | 375 | ( - 15 ) |
| All Size | 300 | 390 | 385 | 370 | 370 | 370 | 370 | 370 | 375 | 375 | 375 | 375 | 375 | 375 | ( - 15 ) |
| All Size | 350 | 390 | 385 | 370 | 370 | 370 | 370 | 370 | 375 | 375 | 375 | 375 | 375 | 375 | ( - 15 ) |

| Art Card Japan | | OCT-2022 | | | | NOV-2022 | | | | DEC-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 7-Oct | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 22 x 28 | 250 | 415 | 415 | 390 | 415 | 415 | 415 | 400 | 400 | 400 | 400 | 400 | 400 | 395 | ( - 20 ) |
| 25 x 36 | 270 | 415 | 415 | 390 | 415 | 415 | 415 | 400 | 400 | 400 | 400 | 400 | 400 | 395 | ( - 20 ) |
| 23 x 36 | 300 | 415 | 415 | 390 | 415 | 415 | 415 | 400 | 400 | 400 | 400 | 400 | 400 | 395 | ( - 20 ) |
| 31 x 37 | 300 | 415 | 415 | 390 | 415 | 415 | 415 | 400 | 400 | 400 | 400 | 400 | 400 | 395 | ( - 20 ) |

| Brief Card | | OCT-2022 | | | | NOV-2022 | | | | DEC-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 7-Oct | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | 120 | 425 | 425 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | ( - 10 ) |
| All Size | 150 | 425 | 425 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | ( - 10 ) |
| All Size | 180 | 425 | 425 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | ( - 10 ) |
| All Size | 210 | 425 | 425 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | ( - 10 ) |
| All Size | 230 | 425 | 425 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | 415 | ( - 10 ) |
| All Size | 235 | 425 | 425 | NA | NA | NA | NA | NA | NA | NA | NA | NA | NA | NA | |
| All Size | 265 | 425 | 425 | 425 | 425 | 425 | 425 | 425 | 425 | 425 | 425 | 425 | 425 | 425 | (No Change) |

| Color Brief | | OCT-2022 | | | | NOV-2022 | | | | DEC-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 7-Oct | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 21 x 27 | 120 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | (No Change) |
| 22 x 28 | 150 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | (No Change) |
| 22 x 28 | 180 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | 420 | (No Change) |

## Prices Trend in Oct-Dec-2022 (Per Kg Rates)
## Imported **BLEACH BOARD China** and **Indonesia**

| NINGBO GOLD | | OCT-2022 | | | | NOV-2022 | | | | DEC-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 7-Oct | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | All Gsm | 352 | 352 | 348 | 348 | 332 | 330 | 330 | 322 | 322 | 320 | 328 | 345 | 355 | ( + 3 ) |

| REAL | | OCT-2022 | | | | NOV-2022 | | | | DEC-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 7-Oct | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | All Gsm | 352 | 352 | 350 | 350 | 336 | 330 | 330 | 325 | 325 | 315 | 328 | 350 | 350 | ( - 2 ) |

| CHENMENG | | OCT-2022 | | | | NOV-2022 | | | | DEC-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 7-Oct | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | All Gsm | 351 | 351 | 347 | 347 | 330 | 328 | 328 | 315 | 315 | 315 | 322 | 345 | 345 | ( - 6 ) |

| PINDO DELI | | OCT-2022 | | | | NOV-2022 | | | | DEC-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 7-Oct | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | All Gsm | 348 | 348 | 345 | 345 | 326 | 325 | 325 | 315 | 315 | 310 | 318 | 325 | 335 | ( - 13 ) |



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

SP

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.
Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020
aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# 54 چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا سیاسی جماعتوں سے میثاق معیشت پر دستخط کا مطالبہ

## 54 صدور کی صدر عارف علوی سے ملاقات، تاجر برادری کی شکایات سے آگاہ کیا

لاہور (نیوز ڈیسک) ملک بھر کے چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے سیاسی جماعتوں کی جانب سے جلد ہی میثاق معیشت پر دستخط نہ کرنے کی صورت میں عام انتخابات کا بائیکاٹ کرنے پر اتفاق کیا ہے۔اس بات پر اتفاق رائے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر اہتمام انٹرنیشنل چیمبرز سمٹ 2023 میں کیا گیا،سمٹ میں ملک کے چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے 54 صدور نے شرکت کی۔چیمبرز کے تمام صدور نے اس موقع پر صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی سے بھی تفصیلی ملاقات کی۔انہوں نے ڈاکٹر عارف علوی کو موجودہ معاشی صورتحال اور تاجر برادری کی شکایات سے آگاہ کیا اوران کے جلداز جلد حل پر زور دیا۔ان کا کہنا تھا کہ اس وقت ملک کو پہلے سے کہیں زیادہ چارٹر آف اکانومی کی ضرورت ہے۔انہوں نے صدر پاکستان کو بتایا کہ تمام چیمبرز کے صدور نے اعلان کیا ہے کہ اگر تمام سیاسی جماعتیں انتخابات سے قبل چارٹر آف اکانومی پر دستخط نہیں کرتیں تو تاجر برادری جو کہ ایک معاشی جماعت بھی ہے، عام انتخابات کا بائیکاٹ کرے گی۔قبل ازیں چیمبرز کے دیگر صدور کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور نے کہا کہ موجودہ معاشی صورتحال زرمبادلہ کے ذخائر کوتقویت دینے کے لیے ایمنسٹی کا تقاضا کرتی ہے تاکہ پاکستانیوں کے غیر اعلانیہ اثاثے ظاہر کیے جا سکیں اور ڈالرز معاشی سرکل میں آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ تجوریوں میں بہت پیسہ پڑا ہے اور زمین میں بھاری سرمایہ کاری ہے جسے ایمنسٹی کے ذریعے گردش میں لانا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ ایمنسٹی پورے ملک میں غیر مشروط طور پر دی جائے جس سے تقریبا دس ارب ڈالر گردش میں آئیں گے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ اس وقت بندرگاہوں پر بہت بڑی تعداد میں کنٹینرز پھنسے ہوئے ہیں۔خام مال، مشینری اور دیگر ضروری سامان کی قلت کے باعث تاجر برادری کو مشکلات کا سامنا ہے۔تاجر برادری کا مطالبہ ہے کہ بندرگاہوں کو بانڈ قرار دیا جائے یا کنٹینرز کو بانڈ میں منتقل کیا جائے تاکہ ڈیمرج اور ڈیٹینشن چارجز سے بچا جاسکے۔کاشف انور نے ملک میں سیاسی استحکام پر زور دیا جو ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن رہا ہے اور کہا کہ معاشی استحکام کے لیے یہ اشد ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کی معاشی استحکام کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ حکومت کا فرض ہے کہ وہ انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ اور دیگر ڈونر ایجنسیوں کو پاکستان کی بگڑتی ہوئی معاشی حالت کے لیے امداد جاری کرنے پر رضامند کرے۔انہوں نے کہا کہ اقتصادی بہتری کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو ایک پیج پر لانے کے لیے صدر پاکستان کو کردار ادا کرنا ہوگا۔ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ ہم مشکل وقت سے گزر رہے ہیں اور تمام اسٹیک ہولڈرز جن میں عام عوام، تاجر برادری اور معاشرے کے تمام طبقات شامل ہیں اپنا مثبت کردار ادا کریں تاکہ ہم مل کر اس مشکل وقت سے نکل سکیں۔صدر علوی نے مزید کہا کہ کاروباری افراد کو معاشی خوشحالی کے لیے کاروباری اداروں کے مالی مقاصد کے حصول کے لیے اہداف اور سمتوں کا تعین کرنا چاہیے،اس کے ساتھ ساتھ کاروباری اداروں کو معاشرے کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔






بزنس مین گروپ پیپر مارکیٹ لاہور کے سینئر رہنما اور لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی مینجنگ کمیٹی کے رکن خامس سعید بٹ پاکستان میں امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم اور قونصل جنرل لاہور ولیم میکانیول کے دورہ لاہور چیمبر کے موقع پر ملاقات کرتے ہوئے

## درآمد کنندگان کی انوائس 5 ہزار ڈالر اور ڈیٹنشن ڈیمرج 10 ہزار ڈالر ہو گیا

لاہور (نیوز ڈیسک) ریو نیو ایڈ وائزرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عامر قدیر نے کہا ہے کہ درآمد کنندگان کی فی انوائس 5 ہزار ڈالر کی ہے جبکہ اس پر ڈیمرج 10 ہزار ڈالر تک پہنچ گیا ہے،بعض درآمد کنندگان بینکوں کو یہ لکھ کر دینے کیلئے تیار ہیں کہ ہماری ادائیگی بیشک 365 دن کے بعد کر دیں لیکن پھر بھی رکاوٹیں ڈالی جارہی ہیں، اگر یہی حالات رہے تو لوگ صنعتوں اور کاروبار سے سرمایہ کاری نکال کر ایسے کاروبار میں لگا دیں گے جس سے معیشت سکڑنا شروع ہوجائے گی۔اپنے دفتر میں درآمد کنندگان کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں جس طرح کے حالات پیدا ہوگئے ہیں ایسے کبھی تاریخ میں نہیں ہوئے ۔ اسٹیٹ بینک کے ذمہ داران آنکھوں پر پٹی باندھ کر بیٹھے ہوئے ہیں جبکہ نجی بینکس اپنی من مانیاں کر رہے ہیں اور کوئی بات سننے کے لئے تیار نہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ایل سیز نہ کھلنے اور کنٹینرز کلیئر نہ ہونے سے درآمد کنندگان کو کروڑوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔

## جمشید عباسی انتقال کر گئے



راولپنڈی (پیپر بزنس نیوز) طیبہ اسٹیشنری راولپنڈی کے جمشید احمد عباسی گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ان کے انتقال پر کراچی ، لاہور اور راولپنڈی کے پیپر مرچنٹس نے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

## بلھے شاہ بلیچ بورڈ کی قیمت 411 روپے کلو تک پہنچ گئی

لاہور (پیپر بزنس نیوز) بلھے شاہ پیکجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ لاہور کے مارکیٹنگ منیجر محمد نعمان ظفر کی جانب سے 25 جنوری کو جاری کئے گئے سرکلر کے ذریعے بلیچ بورڈ کی شیٹوں میں نئی قیمتوں کا اعلان کیا ہے مختلف برانڈز کی قیمتوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| | |
|---|---|
| وائٹ بلیچ بورڈ 192-185 گرام | 395 روپے کلو |
| کوٹڈ بلیچ بورڈ 208 گرام | 411 روپے کلو |
| کوٹڈ بلیچ بورڈ 270-240 گرام | 407 روپے کلو |
| کوٹڈ بلیچ بورڈ 300 & 240 گرام (وائٹ شیڈ) | 411 روپے کلو |

ان قیمتوں میں 17 فیصد جی ایس ٹی شامل ہے۔تاہم یہ قیمتیں ایکس مل قصور ہیں۔ریل کے لئے 5 روپے سے 8 روپے فی کلو کمی کا اطلاق ہوگا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# شرح سود 25 سال کی بلند ترین سطح 17 فیصد ہوگی، اسٹیٹ بینک

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے شرح سود میں مزید ایک فیصد اضافہ کر کے اسے 17 فیصد کر دیا ہے جو کہ 25 سال بعد بلند ترین شرح سود ہے، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ بڑھتی مہنگائی اور معاشی حالات کے پیش نظر شرح سود میں اضافہ کیا گیا۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ کچھ قرضوں کی واپسی ہوگئی اور کچھ کی ہونی ہے، بیرونی قرضوں کی واپسی کی وجہ سے ملکی زرمبادلہ پر دباؤ ہے۔ رواں مالی سال اب تک 9 ارب ڈالر کی قرض واپسی کیے گئے ہیں اور 6 ارب ڈالر کے قرضے رول اوور کئے گئے جب کہ مالی سال 2023 کے بقیہ حصے ء میں 8 ارب ڈالر قرضوں کی واپسی کا انتظام کرنا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی اجلاس کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا کہ رواں مالی سال کے لئے کرنٹ اکاونٹ خسارہ 10 ارب ڈالر ہونے کا تخمینہ تھا لیکن پہلے ششماہی جولائی تا دسمبر 2022 کے دوران کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 3.7 ارب ڈالر رہا جو نا صرف ہدف کے مطابق ہے بلکہ مالی سال کے اختتام پر جاری حسابات کا خسارہ 9 ارب ڈالر سے بھی کم رہنے کا امکان ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک کا کہنا تھا کہ عالمی اور مقامی معاشی صورتحال اور مہنگائی کے توقعات کو دیکھتے ہوئے اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی نے شرح سود ایک فیصد اضافے سے 17 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا۔ مہنگائی سال بہ سال اکتوبر میں 26.6 فیصد تھی، نومبر میں کم ہو کر 23.8 فیصد ہوگئی لیکن دسمبر میں پھر 24.5 فیصد تک جا پہنچی۔ انہوں نے کہا کہ شرح مبادلہ میں زیادہ اتار چڑھاؤ کے دوران بینکوں نے صرف جولائی سے ستمبر کے دوران 100 ارب روپے کمائے، میں نے 13 بینکوں کا معائنہ کیا، ان کے خلاف تحقیقات مکمل کر لی گئی ہیں، ریگولیٹری اور فسکل تادیبی اقدامات کریں گے، ڈالر کے اتار چڑھاؤ میں پیسہ بنانے والے بینکوں کے خلاف کارروائی ہوگی۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے بتایا کہ اجلاس میں پالیسی ریٹ کو 100 بیسس پوائنٹس بڑھا کر 17 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ درآمدات کے لیے اسٹیٹ بینک کی پیشگی منظوری لینا ضروری تھی، کچھ کیسز میں بینکوں کی منظوری کے بغیر درآمدات کر لی گئیں، کنٹینرز پھنس جانا ایک بڑا مسئلہ بن گیا ہے، ٹریڈ باڈیز سے تفصیلات مانگی ہیں شپمنٹس کی، بیرون ملک سے سرمایہ حاصل کر کے یا موخر ادائیگیوں پر کی جانے والی درآمدات کی کلیئرنس کی اجازت دے دی ہے، چیمبر آف کامرس کی فراہم کردہ تفصیلات کی روشنی میں رہ جانے والی درآمدات کو بھی سہولت فراہم کریں گے۔ مانیٹری پالیسی کمیٹی نے نوٹ کیا کہ مہنگائی کا دباؤ برقرار ہے اور مسلسل وسیع البنیاد ہے۔ اگر یہ دباؤ اسی طرح قائم رہا تو توقع سے زیادہ طویل مدت میں مہنگائی کی بلند توقعات پر منتج ہوسکتا ہے۔ ایم پی سی نے زور دیا کہ مہنگائی کی توقعات پر قابو پانا اور مستقبل میں پائیدار نمو کو تقویت دینے کے لیے قیمتوں کے استحکام کے مقصد کو حاصل کرنا بے حد ضروری ہے۔ گذشتہ اجلاس کے بعد سے ایم پی سی نے خاص طور پر تین اہم معاشی پیش رفتیں نوٹ کیں۔ اوّل، نومبر اور دسمبر میں کچھ اعتدال کے باوجود مہنگائی بدستور بلند ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ قوزی مہنگائی میں پچھلے دس ماہ سے مسلسل اضافے کا رجحان ہے۔ مزید یہ کہ حالیہ پلس سرویز سے صارفین اور کاروباری طبقے کی مہنگائی کی توقعات میں اضافہ ظاہر ہوتا ہے۔ دوم، بیرونی شعبے کے لیے قریب مدتی چیلنجز جاری کھاتے کے خسارے میں پالیسی کی بنا پر آنے والے سکڑاؤ کے باوجود بڑھے ہیں۔ نئی رقوم کے آمد کے فقدان اور قرضے کی جاری واپسی کے نتیجے میں سرکاری ذخائر مسلسل کم ہوئے ہیں۔ سوم، قریب تا مختصر مدت میں عالمی معاشی اور مالی حالات مجموعی طور پر غیر یقینی ہیں جس کے نتیجے میں ملکی معیشت کے لیے ملے جلے مضمرات ظاہر ہوتے ہیں۔ عالمی طلب میں متوقع سست روی پاکستان سمیت ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے برآمدات اور کارکنوں کی ترسیلات زر کے منظر نامے پر منفی اثر ڈال سکتی ہے۔ دوسری جانب اجناس کی عالمی قیمتوں میں کچھ اعتدال سے مہنگائی کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے اور عالمی مالی حالات میں بہتری بھی بیرونی شعبے کو کچھ سہارا دے سکتی ہے۔ تمام عوامل کو ملحوظ رکھا جائے تو کمیٹی نے اپنا نومبر 2022ء کا یہ تجزیہ دہرایا کہ مہنگائی کو نیچے لانے کی مختصر مدتی لاگت اسے راسخ ہونے کی اجازت دینے کی طویل مدتی قیمت سے کم ہے۔ ایم پی سی نے ملکی غیر یقینی پر قابو پانے اور قریب مدتی بیرونی شعبے کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے کثیر فریقی اور دو طرفہ پارٹنرز کے ساتھ رابطے رکھنے پر بھی زور دیا حقیقی شعبہ۔ موصول ہونے والے بلند تعدّد کے ڈیٹا سے مسلسل پالیسی کی سختی اور 2022ء میں سیلاب جیسے بیرونی دھچکوں کے جواب میں معاشی سرگرمی میں وسیع البنیاد اور پائیدار اعتدال کی عکاسی ہوتی ہے۔

# رات 10 بجے کاروبار بند نہ کرنے والی مارکیٹوں کو 2 لاکھ جرمانہ کیا جائے، لاہور ہائی کورٹ کا حکم

لاہور (بزنس ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے ماحولیاتی آلودگی اور اسموگ تدراک کیس میں رات 10 بجے کے بعد کاروبار کرنے والی مارکیٹس کو 2 لاکھ جرمانہ کرنیکا حکم دیا ہے، اس سلسلے میں سی سی پی او لاہور، ڈپٹی کمشنز اور دیگر افسران کو عملدرآمد کرانیکا حکم دیدیا گیا، عدالت نے جائز پارکنگ، اوور چارجنگ کرنیوالوں کیخلاف بھی کارروائی کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں لائف اسٹائل تبدیل کرنا ہوگا۔ ہارون فاروق، اظہر صدیق سمیت دیگران کی درخواستوں پر عدالت نے رات 10 بجے کے بعد شادی کی تقریبات پر پابندی لگانے کا عندیہ دے دیا، ممبر ماحولیاتی کمیشن حنا حفیظ اللہ اور کمال حیدر نے عدالتی احکامات کے متعلق رپورٹ پیش کی، عدالت نے استفسار کیا کہ ریسٹورنٹس کو 10 بجے بند کرنے کا حکم دیا تھا؟ اس پر ممبر کمیشن نے بتایا کہ اس حکم پر ڈی سی آفس نے عمل کرانا ہے، عدالت نے کہا کہ 10 بجے دکانوں کی بندش سے سکون آگیا ہے، دوران سماعت سیکرٹری جنرل لاہور سپر مارکیٹ محمد عمران سلیم نے استدعا کی کہ تا حیات رات 10 بجے مارکیٹیں بند کرنے کا حکم فرما دیں، ہم سکون میں آچکے ہیں، سب دوکانداروں کا اس پر اتفاق ہے، عدالت نے ریمارکس دیئے کہ سارے شہر کو پارکنگ ایریا میں تبدیل کر کے من مانے پیسے مانگے جا رہے ہیں، عام آدمی اتنی بھاری پارکنگ فیس کیسے افورڈ کر سکتا ہے؟ پارکنگ کمپنی کیا کر رہی ہے؟ ایل ڈی اے کی اجازت کے بغیر کیسے پارکنگ ممکن ہے؟ نجی پارکنگ میں ناجائز طور پر سو فیصد زیادہ چارجز وصول کئے جا رہے ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے بتایا کہ غیر قانونی پارکنگ کا خاتمہ کریں گے۔

# اسٹیٹ بینک کا آپریشن، 8 ایکسچینج کمپنیوں کی 11 آؤٹ لیٹس کے اجازت نامے معطل

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک کا اسٹنگ آپریشن، بینک نے 8 ایکسچینج کمپنیوں کی 11 آوٹ لیٹس کے اجازت نامے معطل کر دیے، ترجمان اسٹیٹ بینک کے مطابق مرکزی بینک نے ضوابطی ہدایات کی خلاف ورزی پر 11 آؤٹ لیٹس کے اجازت نامے 7 تا 15 یوم کے لیے معطل کئے ہیں۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے ایکسچینج کمپنیوں کے آؤٹ لیٹس سے خفیہ شاپنگ کی گئی، جہاں سے یہ بات مشاہدے میں آئی کہ مذکورہ آؤٹ لیٹس کے کاؤنٹرز پر دستیابی کے باوجود صارفین کو غیر ملکی کرنسیوں کی فروخت سے انکار کیا جا رہا تھا۔ معطلی کے عرصے کے دوران مذکورہ گیارہ آؤٹ لیٹس کی جانب سے کسی بھی قسم کی کاروباری سرگرمیاں انجام دینے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# درآمدی وبرآمدی کنسائنمنٹس کی کلیئرنس کا دورانیہ 8 گھنٹے 15 منٹ ریکارڈ، عالمی بینک نے اس دورانیہ کو عالمی معیار کے مطابق قرار دے دیا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) عالمی بینک نے ریونیو موبلائزیشن انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ پروگرام کے تحت پراجیکٹ ڈویلپمنٹ آؤٹ کم کے اعشاریوں سے متعلق ری اسٹرکچرنگ فیز کی کارکردگی جانچنے کے میکنزم میں تجویز کردہ ترامیم پر عملدرآمد پر اطمینان کا اظہار کیا ہے، ایف بی آر کی طرف سے بین الاقوامی تجارت کے فروغ کیلئے درآمدی و برآمدی کنسائنمنٹس کی کلیئرنس کے دورانیہ کو عالمی معیار کے مطابق تسلیم کرلیا گیا، ایف بی آر کا کہنا ہے کہ ریونیو موبلائزیشن انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ پروگرام جون 2020 میں شروع کیا گیا ہے جو جون 2024 میں مکمل ہوگا، اس بارے ایف بی آر حکام کا کہنا ہے کہ عالمی بینک کی جانب سے 2021ء کے بعد سے ایز آف ڈوئنگ بزنس رپورٹ کا پروگرام معطل کرنے کے بعد سے اس پروگرام کے تحت عالمی تجارتکیلئے سامان کی کلیئرنس کیلئے مقررہ بینچ مارک کے میکنزم بارے ایف بی آر کو تجاویز پیش کی تھیں جس کا جائزہ لینے کے بعد عالمی بینک کو عملدرآمد بارے جواب بھجوایا گیا جس پر عالمی بینک نے تسلی اور اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ دستیاب دستاویز کے مطابق ایف بی آر کی جانب سے عالمی بینک کو لکھے جانیوالے مراسلے میں بتایا گیا ہے کہ ریونیو موبلائزیشن انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ (آرای ایم آئی ٹی) پروگرام کے تحت جنوری تا جون 2022 کے لئے کی جانے کی جانے والی ٹائم ریلیز اسٹڈی انٹرنیشنل ٹریڈ سنٹر (آئی ٹی سی) کی جانب سے شائع کی گئی دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ اس رپورٹ کے لئے تحقیقاتی طریقہ کار مقدار اور معیار کے اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنایا گیا، اسی بنیاد پر سوالنامے پر مبنی سروے کے ذریعے پرائمری اور سیکنڈری ذرائع سے ڈیٹا اکٹھا کیا گیا، کسٹمز بارڈر اسٹیشنز پر درآمدی و برآمدی سامان کی کلیرنس میں اوسط دورانیہ جانچا گیا، جس کے مطابق آئی ایم او کراچی پر درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس کا دورانیہ آٹھ گھنٹے 15 منٹ اور تین سیکنڈ ہے، برآمدی کنسائمنٹس وسامان کی کلیئرنس کا دورانیہ 67 گھنٹے 23 منٹ اور 31 سیکنڈ ہے اسی طرح درآمدی سامان کی گڈز ڈکلیئریشن (جی ڈی) جمع کرانے کا دورانیہ ایک گھنٹہ 56 منٹ اور 59 سیکنڈ ہے، برآمدی سامان کی جی ڈی کلیئر ہونے کا دورانیہ ایک گھنٹہ 9 منٹ 52 سیکنڈ ہے۔

## ایف بی آر نے اسلام آباد میں اپیلوں کیلئے نیا دفتر قائم کردیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے اسلام آباد کے بڑے کارپوریٹ اداروں کی جانب سے محکمہ ٹیکس کے خلاف دائر کی گئی اپیلوں کے مقدمات کو تیز کرنے کے لیے کمشنران لینڈ ریونیو (اپیلز۔V)، اسلام آباد کا نیا دفتر تشکیل دے دیا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ حکم نامے کے مطابق، ایف بی آر ایکٹ [1]2007 کے سیکشن 4(1)(ر) کے تحت حاصل اختیارات کے استعمال میں، ایف بی آر کے تحت کمشنر ان لینڈ ریونیو (اپیلز۔وی)، اسلام آباد کا ایک نیا دفتر بنایا گیا ہے۔ مسرت اللہ خان کو کمشنر ان لینڈ ریونیو (اپیلز۔وی) اسلام آباد تعینات کردیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ یہ فیصلہ کمشنران لینڈ ریونیو (اپیل) اسلام آباد کے کام کا بوجھ کم کرنے کے لیے کیا گیا ہے۔ موجودہ کمشنرزان لینڈ ریونیو (اپیلز) کے کام کے بوجھ کو منطقی بنایا گیا ہے اور مقدمات کی تیزی سے منظوری کے لیے تقسیم کیا گیا ہے۔ اس وقت اسلام آباد میں چار کمشنرز آف ان لینڈ ریونیو (اپیل) کام کر رہے ہیں۔ کمشنران لینڈ ریونیو (اپیلز۔1)، اسلام آباد لارج ٹیکس دہندگان کے دفتر اسلام آباد کے مقدمات سے نمٹتے ہیں۔ کمشنران لینڈ ریونیو (اپیل II)، اسلام آباد ریجنل ٹیکس آفس، اسلام آباد کے مقدمات کو نمٹائیں گے۔ کمشنران لینڈ ریونیو (اپیل III)، اسلام آباد کے پاس راولپنڈی سے متعلق مقدمات کا اختیار اور دائرہ اختیار ہے۔ کمشنر ان لینڈ ریونیو (اپیلز۔IV)، اسلام آباد کے پاس کارپوریٹ ٹیکس آفس، اسلام آباد کے مقدمات کو نمٹانے کے اختیارات ہیں۔ ذرائع نے مزید کہا کہ کمشنر ان لینڈ ریونیو (اپیلز۔وی) اسلام آباد سے توقع ہے کہ اسلام آباد کے بڑے کارپوریٹ کیسز کے کام کا بوجھ کم ہوجائے گا۔

## ملک بھر میں بجلی کا بریک ڈاؤن، بعض بینکوں کا سسٹم متاثر، بیشتر برانچوں میں کام ٹھپ رہا

کراچی (نیوز ڈیسک) پیر 23 جنوری 2023 کو بجلی کے طویل تعطل کے باعث شہر میں بعض بینکوں کا سسٹم بھی متاثر ہوا، بجلی کی طویل بندش کی وجہ سے جنریٹرز کا فیول ختم ہونے سے بیشتر برانچوں میں کام ٹھپ ہوگیا جس سے صارفین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، سسٹم متاثر ہونے سے ڈیبٹ کارڈ اور کریڈٹ کارڈ کے استعمال کا عمل بھی سست روی کا شکار رہا۔ دریں اثنا سول ایوی ایشن کے ترجمان نے وضاحت کی ہے کہ ملک کے تمام بڑے ایئرپورٹس پر متبادل نظام کی بدولت بجلی کی فراہمی جاری ہے، فلائٹ آپریشنز بھی معمول کے مطابق جاری ہیں۔ ملک گیر پاور بریک ڈاؤن کے بعد سول ایوی ایشن کے ترجمان کا کہنا ہے کہ ملک کے تمام بڑے ایئرپورٹس پر بجلی کا کوئی مسئلہ نہیں۔ بجلی کے متبادل نظام کی بدولت صورتحال معمول کے مطابق رہی۔

## مخصوص درآمدی سامان کی پیشگی منظوری کی شرط واپس

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے کاروباری اداروں کی سہولت کے لئے مخصوص درآمدی سامان (ایچ ایس کوڈ چیپٹرز 84، 85 میں آنے والی اشیا اور ایچ ایس کوڈ چیپٹر 87 کے تحت بعض اشیا) کی پیشگی منظوری کی شرط واپس لے لی ہے اور اس کی جگہ بینکوں کو عمومی ہدایت جاری کی ہے کہ خوراک، دوا، توانائی وغیرہ جیسی ضروری اشیا کی درآمد کو ترجیح دیں۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ڈالر کی اونچی اڑان جاری، قیمتوں میں بدستور اضافہ، پیپر مارکیٹ بے یقینی کا شکار

## آرٹ کارڈ، بریف کارڈ، آرٹ پیپر، ساوی برائٹ، مقامی ڈپلیکس بورڈ اور درآمدی بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں اضافہ

### مقامی و درآمدی آفسیٹ پیپر، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں بھی اضافہ، سروے رپورٹ

